بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نگران ملک منصور احمد عمر
مدیر عبدالباسط طارق

ماہنامہ
مغربی جرمنی

# اخبار احمدیہ

نومبر 1983ء

History of AMJ Deutschland
تاریخ احمدیت جرمنی
Nr.:....................

## حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز مشرق بعید کا کامیاب دورہ کر کے مرکز سلسلہ ربوہ تشریف لے آئے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سنگاپور، فجی، آسٹریلیا اور سری لنکا کا کامیاب دورہ کرکے مع اہل قافلہ بخیریت مرکز سلسلہ ربوہ میں مورخہ ۱۴ اکتوبر بمطابق ۱۴ اخاء ۱۳۶۲ ہش بروز جمعۃ المبارک تشریف لے آئے الحمدللہ علیٰ ذالک - اس دورہ کے دوران قدم قدم پر اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت کے نظارے دیکھنے میں آئے ان ممالک میں بسنے والے احمدی اپنے روحانی آقا کو اپنے درمیان پاکر بے حد خوش تھے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے روح پرور خطبات اور مجالس عرفان نے ان ممالک کے احمدیوں میں زندگی کی ایک نئی روح پھونک دی ہے ہزاروں غیر ملکیوں نے حضور کی بابرکت زبان سے اسلام کی حسین تعلیم اور اسکی برتری کے دلائل سنے اور اسلام کا حقیقی چہرہ دیکھنے کی سعادت پائی - اسلام کے بارے میں ان کی بے شمار غلط فہمیاں دور ہوئیں اور تعصب کے بادل چھٹنے لگے

افراد جماعت مردوں، عورتوں اور بچوں کو بلحاظ تربیت ایک نئی زندگی ملی خدا تعالیٰ کے فضل سے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے بابرکت وجود اور قوت قدسیہ کے نتیجے میں تبلیغ اور تربیت کے وہ امور سرانجام پائے جو سینکڑوں مبلغین سالہا سال کی کاوش کے بعد بھی شاید انجام نہ دے سکتے اس دورہ کے دوران حضور ایدہ اللہ تعالیٰ فجی بھی جو دنیا کا ایک کنارہ ہے اسلام اور احمدیت کا پیغام پہنچانے تشریف لے گئے پھر اسی دورہ کے دوران حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنے دست مبارک سے براعظم آسٹریلیا میں پہلی احمدیہ مسجد کا سنگ بنیاد رکھا - ہم سب دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ حضور پرنور کے اس دورہ کو بہت بابرکت کرے اور اس کے بہترین نتائج پیدا فرمائے - اہل آسٹریلیا کے دل اسلام کی طرف مائل ہوں اور بہت سی سعید روحیں احمدیت یعنی حقیقی اسلام کے حصار عافیت میں داخل ہوں آمین ثم آمین



Nuur-Moschee · Babenhäuser Landstr. 25 · 6000 Frankfurt/M. 70 · Tel.: 0611/681485
Telex 416187 islam d · Telegramm-Adresse: »ISLAM« Frankfurt/Main

# مکرم ملک منصور احمد عمر صاحب نئے مشنری انچارج وامیر جماعت ہائے احمدیہ مغربی جرمنی کی آمد

مغربی جرمنی مشن کے نئے مشنری انچارج اور امیر مکرم ملک منصور احمد صاحب عمر مورخہ ۲۵ اکتوبر بمطابق ۲۵ اخاء ۱۳۶۲ ہش مرکز سلسلہ ربوہ سے فرانکفرٹ تشریف لائے آپ نے جامعہ احمدیہ سے فارغ ہونے کے بعد سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ کے ارشاد کے مطابق اسلام آباد یونیورسٹی میں جرمن زبان کی تعلیم حاصل کی اور ۷۵-۱۹۷۴ میں مبلغ کی حیثیت سے مغربی جرمنی (فرانکفرٹ اور ھمبرگ) میں خدمات سرانجام دیں۔ پاکستان واپس جاکر آپ بہاولپور اور گجرات میں مربی ضلع کے طور پر تربیتی اور تبلیغی خدمات انجام دیتے رہے ۸۲-۱۹۸۱ میں معتمد خدام الاحمدیہ مرکزیہ کی حیثیت سے کام کیا۔ علاوہ ازیں دفتر پرائیویٹ سیکرٹری میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ کے سایہ شفقت میں تقریباً ایک سال تک خدا کے فضل سے نہایت محنت اور جاں فشانی سے اپنے فرائض بجا لاتے رہے مغربی جرمنی میں بحیثیت مشنری انچارج تقرری تک آپ اسی دفتر میں کام کر رہے تھے دوست دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ آپ کا مغربی جرمنی میں آنا ہر لحاظ سے بابرکت کرے اور آپ کو صحت وتندرستی کے ساتھ کامیابی سے اپنے فرائض کی بجا آوری کی توفیق ملتی رہے آمین ثم آمین

# محترم منصور احمد خان صاحب سابق مشنری انچارج سوئٹزرلینڈ تشریف لے گئے

محترم منصور احمد خان صاحب سابق مشنری انچارج مغربی جرمنی ۳۰ اکتوبر ۱۹۸۳ء بمطابق ۳۰ اخاء ۱۳۶۲ ہش مع اہل وعیال سوئٹزرلینڈ تشریف لے گئے آپ محترم نسیم مہدی صاحب سے سوئٹزرلینڈ مشن کا چارج لیں گے آپ نے مغربی جرمنی میں خدا تعالیٰ کے فضل سے نہایت کامیابی کے ساتھ تقریباً سات سال تک خدمات سرانجام دیں ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے آپ کو احسن رنگ میں دینی خدمات بجا لانے کی توفیق دیتا چلا جائے آمین ثم آمین

# ضروری اطلاعات واعلانات

## ولادت

احباب جماعت کو یہ سن کر مسرت ہوگی کہ مکرم بہادر خان صاحب کھوکھر کو اللہ تعالیٰ نے ۹ اکتوبر بمطابق ۹ اخاء کو پہلا بیٹا عطا فرمایا ہے ان کی اہلیہ خدا تعالیٰ کے فضل سے جرمن احمدی مسلمان ہیں۔ اسی طرح مورخہ ۹ نومبر بمطابق ۹ نبوت ہش کو محترم منیر احمد سیال صاحب کو اللہ تعالیٰ نے پہلا بیٹا عطا فرمایا ہے ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر دو نومولود بچوں کو صحت وتندرستی والی زندگی عطا فرمائے اور وہ والدین کی آنکھوں کی ٹھنڈک ہوں

## مغربی جرمنی کی تیسری سالانہ مجلس شوریٰ

مغربی جرمنی کی تیسری سالانہ مجلس شوریٰ کا انعقاد انشاء اللہ تعالیٰ مورخہ ۳-۴ دسمبر ۱۹۸۳ء بمطابق ۳-۴ فتح ۱۳۶۲ ہش بروز ہفتہ اتوار مسجد نور فرانکفرٹ میں ہوگا اس ضمن میں نمائندگان کے انتخاب کا طریق نمائندگان منتخب ہونے کی شرائط اور دوسرے ضروری امور سے احباب جماعت کو ایک سرکلر کے ذریعہ آگاہ کیا جا چکا ہے

# مغربی جرمنی کی سالانہ تربیتی کلاس

احباب کی اطلاع کے لئے اعلان کیا جاتا ہے کہ مغربی جرمنی کی سالانہ تربیتی کلاس امسال انشاء اللہ ۲۷ دسمبر تا ۳۱ دسمبر ۱۹۸۳ء بمطابق ۲۷-۳۱ فتح ۱۳۶۲ھش مسجد نور فرانکفرٹ اور فضل عمر مسجد ہمبرگ میں منعقد ہوگی فرانکفرٹ کی تربیتی کلاس میں مقامی مستورات اور بچیاں بھی شریک ہوں اور اس موقع سے فائدہ اٹھا کر اپنی دینی معلومات میں وسعت پیدا کریں

## وفات

احباب جماعت کو نہایت افسوس سے مطلع کیا جاتا ہے کہ مکرم مرزا نذیر احمد صاحب آف ترکھا ضلع گجرات حال مقیم فرانکفرٹ کے بیٹے مکرم ظہیر الدین بابر صاحب پاکستان میں ۲۷ سال کی عمر میں وفات پا گئے انا للہ وانا الیہ راجعون۔ ہم مرحوم کے غمزدہ والد اور اُسکے افراد خاندان کے اس شدید صدمہ میں دلی طور پر شریک ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ اللہ مرحوم کے والدین اور دیگر اعزہ کو صبر عطا فرمائے اور مرحوم کے درجات بلند فرمائے آمین

اسی طرح مکرم منصور احمد صاحب مقیم فرانکفرٹ کا بیٹا زبیر احمد بعمر ۵ ماہ مورخہ ۱۳ اکتوبر اخاء ۱۳۶۲ھش ہسپتال میں کچھ عرصہ علیل رہنے کے بعد وفات پاگیا انا للہ وانا الیہ راجعون ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے والدین کو صبر عطا فرمائے اور انہیں نعم البدل سے نوازے آمین

## جرمن زبان سیکھیں

جیسا کہ احباب کو حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ کے متعدد خطبات سے معلوم ہو چکا ہوگا کہ حضور پر نور کی خواہش ہے کہ ہر احمدی داعی الی اللہ بنے چنانچہ اس ضمن میں مغربی جرمنی میں مقیم ہر احمدی مرد اور عورت کا فرض ہے کہ وہ جرمنوں میں تبلیغ اسلام کے لئے جرمن زبان سیکھیں تاکہ خدا کی ابدی صداقت جرمن قوم تک پہنچائی جا سکے

## درخواست دعا

مکرم انعام الٰہی اثر صاحب کا بیٹا ثمر انعام گذشتہ کافی عرصہ سے مختلف عوارض کی وجہ سے بیمار چلا آرہا ہے اس کی کامل شفایابی کے لئے احباب کی خدمت میں درخواست دعا ہے

## قابل تقلید نمونہ

تحریک جدید کے سال کے آغاز کے ساتھ ہی جماعتوں کی طرف سے وعدہ جات کی وصولی کی رپورٹیں موصول ہو رہی ہیں جماعت وائزن ہم جس کے چندہ دہندگان کی کل تعداد ۱۸ ہے کے ۱۱ دوستوں نے چار صد مارک سے زائد کے وعدہ جات پیش کر کے معاون خصوصی معیار اول اور دو احباب نے معیار دوم میں شمولیت اختیار کی ہے دو دوستوں نے جن کی ماہانہ آمد پانچصد مارک ہے اپنی استطاعت سے بڑھ کر مالی قربانی پیش کرتے ہوئے چار صد مارک سے زائد کے وعدہ جات پیش کئے ہیں ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان سب دوستوں کی مالی قربانی قبول فرمائے اور ان کے اموال میں برکت دے

## گمشدگی رسید

احباب کی اطلاع کے لئے یہ اعلان کیا جاتا ہے کہ حلقہ ALTONA ہمبرگ کی ایک رسید بک جس کا نمبر 39751-39800 ہے کہیں گم ہو گئی ہے کوئی دوست اس رسید بک پر چندہ ادا نہ کریں اور اگر کسی دوست کو یہ رسید بک مل جائے تو فوری طور پر ہمبرگ مشن میں رسید بھجوا دیں

## تحریک جدید کے نئے سال کا اعلان

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ۲۸ اکتوبر ۱۹۸۳ء بمطابق ۲۸ اخاء ۱۳۶۲ھش بروز جمعۃ المبارک خطبہ جمعہ میں تحریک جدید کے نئے سال کا اعلان فرمایا ہے تمام جماعتوں میں دوستوں کو تحریک جدید کے وعدہ جات کے فارم بھجوا دیئے گئے ہیں دوستوں کی خدمت میں درخواست ہے کہ پہلے سے بڑھ چڑھ کر وعدہ جات لکھوائیں اور بروقت ادائیگی کے لئے ابھی سے کوشش ہمت اور دعا سے کام لیں

## جلسہ سالانہ ربوہ وقادیان

امسال جماعت احمدیہ ربوہ پاکستان کا جلسہ سالانہ انشاء اللہ تعالیٰ ۲۶-۲۷-۲۸ دسمبر 1983ء بمطابق ۲۶-۲۷-۲۸ فتح ۱۳۶۲ھش بروز سوموار منگل بدھ مرکز سلسلہ ربوہ میں منعقد ہوگا۔ اسی طرح جماعت احمدیہ قادیان کا جلسہ سالانہ مورخہ ۱۸-۱۹-۲۰ دسمبر ۱۹۸۳ء بمطابق ۱۸-۱۹-۲۰ فتح ۱۳۶۲ھش بروز اتوار پیر منگل قادیان میں منعقد ہوگا جو احباب ان روحانی اجتماعات میں شرکت کا شرف حاصل کر سکیں وہ ان بابرکت مواقع سے ضرور مستفیض ہوں

# الفضل ڈائجسٹ

## دوسروں کو ذلیل اور حقیر نہ سمجھو

حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں

"آپ کی اخلاقی حالت ایسی درست ہو کہ کسی کو نیک نیتی سے سمجھانا اور غلطی سے آگاہ کرنا ایسے وقت پر ہو کہ اُسے برا نہ معلوم ہو کسی کو استخفاف کی نظر سے نہ دیکھا جائے دل شکنی نہ کی جائے جماعت میں باہم جھگڑے فساد نہ ہوں دینی غریب بھائیوں کو کبھی حقارت کی نگاہ سے نہ دیکھو مال و دولت یا نسبتی بزرگی پر بے جا فخر کر کے دوسروں کو حقیر نہ سمجھو خدا تعالیٰ کے نزدیک مکرم وہی ہے جو متقی ہے"

(بحوالہ چشمہ ہدایت صفحہ 199
بحوالہ الفضل ۱۸ اکتوبر 83ء)

## اس سلسلہ کی قدر کرو

حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں

"وہ لوگ جو اس سلسلہ کی قدر نہیں کرتے اور انہیں کوئی عظمت اسکی معلوم ہی نہیں ان کو جانے دو مگر ان سب سے بدقسمت اور اپنی جان پر ظلم کرنے والا تو وہ ہے جس نے اس سلسلہ کو شناخت کیا اور اس میں شامل ہونے کی فکر کی لیکن اسکی کچھ قدر نہ کی وہ لوگ جو یہاں آکر میرے پاس کثرت سے نہیں رہتے اور ان باتوں سے جو خدا تعالیٰ ہر روز اپنے سلسلہ کی تائید میں ظاہر کرتا ہے نہیں سنتے اور دیکھتے وہ اپنی جگہ پر کیسے ہی نیک اور متقی اور پرہیزگار ہوں مگر میں کہوں گا کہ جیسا کہ چاہیئے انہوں نے قدر نہیں کی میں پہلے کہہ چکا ہوں کہ تکمیل علمی کے بعد تکمیل عملی کی ضرورت ہے پس تکمیل عملی بدوں تکمیل علمی کے محال ہے اور جب تک یہاں آکر نہیں رہتے تکمیل علمی مشکل ہے بارہا خطوط آتے ہیں کہ فلاں شخص نے اعتراض کیا اور ہم جواب نہ دے سکے اسکی کیا وجہ ہے یہی کہ وہ لوگ یہاں نہیں آتے اور ان باتوں کو نہیں سنتے جو خدا تعالیٰ اپنے سلسلہ کی تائید میں علمی طور پر اپنے سلسلہ کی تائید میں علمی طور پر ظاہر کر رہا ہے پس اگر تم واقعی اس سلسلہ کو شناخت کرتے ہو اور خدا تعالیٰ پر ایمان لاتے ہو اور دین کو دنیا پر مقدم کرنے کا سچا وعدہ کرتے ہو تو پوچھتا ہوں کہ اس پر عمل کیا ہوتا ہے کیا کونوا مع الصادقین کا حکم منسوخ ہو چکا ہے اگر تم واقعی ایمان لاتے ہو اور سچی خوش قسمتی یہی ہے تو اللہ تعالیٰ کو مقدم کر لو اگر ان باتوں کو ردی اور فضول سمجھو گے تو یاد رکھو خدا تعالیٰ سے ہنسی کرنے والے ٹھہریں گے

(ملفوظات جلد ۱ صفحہ ۱۹۳
بحوالہ الفضل ۱۹ اکتوبر 1983ء)

## استغفار کا مطلب

حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں

"مغفرت لغت میں ایسے ڈھانکنے کو کہتے ہیں جس سے انسان آفات سے محفوظ رہے اسی وجہ سے مغفر جو خود کے معنی رکھتا ہے اسی سے نکالا گیا ہے اور مغفرت مانگنے سے یہ مطلب ہوتا ہے کہ جس بلا کا خوف ہے یا جس گناہ کا اندیشہ ہے خدا تعالیٰ اس بلا یا اس گناہ کو ظاہر ہونے سے روک دے اور ڈھانکے رکھے

(نور القرآن حصہ اول صفحہ 21
بحوالہ الفضل ۱۹ اکتوبر 83ء)

## خدا سے تعلق جوڑیں

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ فرماتے ہیں

"پس جماعت احمدیہ کا مقابلہ نہ کسی ایک قوم سے ہے نہ کسی ایک زمانے سے ہم وہ ہیں جن کے اس زمانے کے امام کے متعلق فرمایا گیا جری اللہ فی حلل الانبیاء (تذکرہ صفحہ ۷۹) کہ خدا کا پہلوان مختلف نبیوں کے لبادے اوڑھ کر آیا ہے اس کو کبھی ایک بدی کا مقابلہ کرنا پڑے گا اور کبھی دوسری بدی کا اس وقت جتنی بھیانک بدیاں اور تصورات ہمارے سامنے منہ کھولے کھڑے ہیں ان میں ہر قوم کے بد تصورات موجود ہیں اور ہر قوم کی بدیاں موجود ہیں موسیٰ علیہ السلام کے مقابل پر دہریت کا اعلان کرنے والے بھی آج موجود ہیں اس لئے جہاں

آپ کو ان سب بدیوں سے نبرد آزما ہونا ہے وہاں یہ یقین کامل بھی
ہمیشہ رکھنا ہے کہ ان سب قوموں کا خدا آپ کے ساتھ ہے اس
خدا سے تعلق جوڑیں کہ وہ سارے معجزات آپ کے حق میں رونما
ہوں گے جو مختلف نبیوں کے حق میں کبھی رونما ہو چکے ہیں جتنا خطرناک
مقابلہ ہے اتنا ہی شاندار انجام بھی آپ ہی کا ہے پس دعا کریں
اور اللہ پر توکل کرتے ہوئے آگے بڑھیں بہت ہی خوش قسمت
ہے وہ قوم جس کو اس عظیم الشان کام کے لئے چنا گیا ہے اللہ تعالیٰ
ہمارے ساتھ ہو ہمیں ہر لحاظ سے وہ اپنے ساتھ رکھے اور اپنے
پر توکل کرنے کے طریق سکھائے جس سے ہم خدا والے بن جائیں اور
پھر وہ ہر معاملے میں ہر دوسرے سے بڑھ کر ہمارے لئے غیرت
دکھائے خدا کرے کہ ایسا ہی ہو

(خطبہ جمعہ بیان فرمودہ ۲۷ مئی ۸۳ء)
بحوالہ الفضل ۱۶ اکتوبر ۸۳ء

## موصی اور تعلیم القرآن

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں

"تیسری ذمہ داری آج میں ہر اس موصی پر جو
قرآن کریم جانتا ہے ڈالنا چاہتا ہوں کہ وہ دو ایسے
دوستوں کو قرآن کریم پڑھائے جو قرآن کریم پڑھے
ہوئے نہیں اور یہ کام باقاعدہ ایک نظام کے ماتحت
ہو اور اس کی اطلاع متعلقہ نظارت کو دی جائے

(بحوالہ الفضل ۲۹ اکتوبر ۸۳ء)

## جرمنی کی جماعت کے نوجوانوں کے لئے میرے دل میں خاص طور پر محبت کے جذبات موجزن ہیں

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے
ہیں " اس سلسلہ میں سب سے پہلے میں یہ بتانا چاہتا ہوں
کہ جرمنی کی جماعت کے اکثر نوجوان بڑی مشکلات میں سے گزر
رہے ہیں اور گزرتے رہے ہیں میرے دل میں ان کے لئے خاص
طور پر محبت کے جذبات موجزن ہیں اس لئے کہ انہوں نے
پیش آمدہ مشکلات کے باوجود خدا کے حقوق ادا کئے اور
سخت مشکلات میں سے گزرتے رہنے کے باوجود حمد باری سے
ان کے سینے معمور اور یاد الٰہی سے ان کی زبانیں تر رہیں
اور جب کبھی خدا کی خاطر ان سے مالی قربانی کی اپیل کی گئی
تو انہوں نے اس بارہ میں کسی قسم کی کنجوسی نہیں دکھائی بہت
سے ایسے دوست بھی ہیں جو خدا کے فضل سے موصی ہیں جو
شرح کے مطابق اپنے چندے ادا کرتے ہیں ان کے حالات
اپنے ملک میں اس قسم کے ہیں کہ وہ نہیں جانتے کہ واپس
جا کر ان کا کیا بنے گا بعض دوستوں کے حالات جرمنی میں
ایسے ہیں کہ ان کا سارا مستقبل بظاہر مخدوش نظر آتا ہے
لیکن جب خدا کی خاطر ان کو اپنے پاک مالوں سے جدا ہونے
کی اپیل کی جاتی ہے جو انہوں نے بڑی محنت کے ساتھ پاکیزہ
رزق کے طور پر کمائے ہوتے ہیں تو بڑے کھلے دل کے ساتھ
وہ خدا کی راہ میں ان عزیز مالوں سے جدا ہوتے ہیں وہ یہ
سوچتے ہوں گے کہ ان کا کیا بنے گا میں ان کو بتاتا ہوں
کہ ان کا وہی بنے گا جو ہمیشہ خدا کے بندوں کا بنا کرتا ہے
اللہ ہی ہے جو ان کا کفیل ہے اللہ ہی تھا جو ان کا کفیل
تھا اور اللہ ہی ہے جو آئندہ بھی ہمیشہ ان کا کفیل رہے
گا ان کی قربانیاں ان کے مستقبل کی ضمانتیں ہیں اور اس
سے بہتر ضمانت دنیا میں اور کسی قوم کو نصیب نہیں ہو سکتی
وہ لوگ جو خدا کی راہ میں قربانیوں سے نہیں ڈرا کرتے
اللہ خود ان کا نگہبان ہو جاتا ہے وہ خود ان کا نگران بن
جاتا ہے

(خطبہ جمعہ فرمودہ ۲۰ اگست ۸۲ء بمقام مسجد نور فرانکفرٹ بحوالہ الفضل)
۳۱ اکتوبر ۱۹۸۳ء

## تحریک جدید کیا ہے

حضرت مصلح موعود رض فرماتے ہیں

" تمام لوگوں تک پہنچنے کے لئے ہمیں آدمیوں کی
ضرورت ہے ہمیں روپے کی ضرورت ہے ہمیں
عزم و استقلال کی ضرورت ہے ہمیں
دعاؤں کی ضرورت ہے جو خدا تعالیٰ کے
عرش کو ہلا دیں اور انہیں چیزوں کے مجموعے
کا نام تحریک جدید ہے (بحوالہ الفضل ۲ نومبر ۸۳ء)

# ○ مرکز سلسلہ کی ترقی میں ایک سنگ میل ○

## عمدگی ــ باکفایت ــ فوری

# ربوہ میں اپارٹمنٹ اور ٹاؤن ہاؤسز بنانے کا منصوبہ

بعض احمدی احباب کے اصرار اور احباب جماعت کی ضرورت کے پیش نظر کراچی کی طرح ربوہ اور اس کے ملحقہ علاقے میں اپارٹمنٹ ٹاؤن ہاؤسز بنانے کیلئے ایک سکیم تیار کی ہے ۔

○ **اپارٹمنٹ** :- اپارٹمنٹ کی مکانیت، دو بیڈروم دو باتھ روم، ایک سٹور، کچن، ڈرائنگ روم، اور بالکنی پر مشتمل ہوگی اس کا اندازاً رقبہ ایک ہزار سے گیارہ سو مربع فٹ ہوگا۔ **ٹاؤن ہاؤس** - ٹاؤن ہاؤسز ۱۲۰ مربع گز اور ۲۰۰ مربع گز پر بنانے کا پروگرام ہے - یہ دو منزلہ عمارت ہوگی اور اس کی مکانیت ۳ بیڈروم، ڈرائنگ روم اور ڈائننگ کمبائنڈ پر مشتمل ہوگی ۔ ○ **براہ کرم ہمیں بتائیے** - یہ اشتہار اخبار الفضل میں اس لئے دیا جا رہا ہے کہ احباب کی ضرورت اور پسند کا اندازہ کیا جا سکے تاکہ اس کے مطابق آپ کی پسندیدہ سکیم تیار کی جائے ۔ ربوہ میں اس تعمیری سکیم کے جاری کرنے کا مقصد یہ ہے کہ ان احباب کو مکان مہیا کئے جا سکیں جو ملک یا ربوہ سے باہر رہتے ہیں۔ ان کی خواہش تو ہے مگر وقت نہیں کہ مکان خود بنوا سکیں - احباب کے اپنے مکانات ہونے سے نہ صرف جلسہ سالانہ پر سہولت ہوگی بلکہ سال بھر کے دوران سکول کی چھٹیوں میں کسی وقت بھی مرکز میں بچوں کی تربیت کی خاطر بھجوایا جا سکتا ہے ۔ جو احباب تنہا مکان نہ خریدنا چاہیں وہ اپنے پسند کے احباب کیساتھ ہم شیئرنگ کی بنیاد پر خرید سکتے ہیں ۔ اس طرح مکان کی قیمت تقسیم ہو جائے گی نیز بعد کے اخراجات بھی تقسیم ہو جائیں گے ۔ مرکز احمدیت میں اپنی رہائش گاہ کا ایک اضافی فائدہ یہ بھی ہے کہ کسی سال اگر آپ خود جلسہ سالانہ پر نہ آ سکتے ہوں تو آپ یہ مکان حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے مہمانوں کیلئے صدر انجمن احمدیہ کو عارضی طور پر جلسہ سالانہ کے استعمال کیلئے دے سکتے ہیں اور آپ کیلئے یہ مفت کا ثواب کا ذریعہ بن جائے گا کہ آپ تحریک جدید کے اس مطالبہ پر عمل کرنے والے بن جائیں گے جو حضرت مصلح موعود نے صاحب استطاعت احمدیوں سے اس رنگ میں کیا کہ مرکز میں مکان بنوائیں ۔

○ **مکانات کی تعمیر کے بعد ایک خصوصی پیشکش** :- مکانوں کی تعمیر کے بعد ہماری کمپنی ایک معقول معاوضہ کے عوض انکی نگرانی کی ذمہ داری سنبھال سکے گی ۔

○ **جوبلی جلسہ** :- احباب کے علم میں ہے کہ صد سالہ جوبلی منانے کی تیاریاں ہو رہی ہیں - جوبلی کے موقع پر ہر احمدی مرکز میں پہنچنا پسند کریگا - یہ اجتماع اتنا بڑا اور ایسے مثالی ہوگا کہ اس کی نظیر نہیں ملے گی ایسے موقع پر رہائش کا بہت بڑا مسئلہ ہوگا۔ اس وقت خوش قسمت ہوں گے وہ لوگ جن کا اپنا مکان ہوگا ۔

اپارٹمنٹ اور ٹاؤن ہاؤس کی قیمت کا تعین بہت سے عوامل پر مبنی ہے جو ابھی طے ہونے باقی ہیں۔ ان میں سے سب سے اہم وہ قیمت ہے جس پر زمین خریدی جائیگی ۔ اس لئے یہ بات ابھی ممکن نہیں کہ اس رقم کا تعین کیا جا سکے جو خرچ ہوگی ۔ تاہم احباب کی دلچسپی اور معلومات کیلئے اس کا ایک اندازہ لگایا گیا ہے (جس کے بارے میں کسی قسم کی کوئی یقین دہانی نہیں کرائی جا سکتی) کہ ایک اپارٹمنٹ کی قیمت ایک لاکھ ۷۵ ہزار سے ۲ لاکھ تک ہوگی اور ایک ٹاؤن ہاؤس قسم اول کی (۲,۷۵,۰۰۰) دو لاکھ پچھتر ہزار سے (۳,۰۰,۰۰۰) تین لاکھ تک اور قسم دوم کی (۳,۰۰,۰۰۰) تین لاکھ سے (۳,۲۵,۰۰۰) تین لاکھ پچیس ہزار تک ہوگی ۔

○ ہم خوشی سے یہ اعلان کرتے ہیں کہ اس سکیم کو بیوت الحمد کمیٹی نے بھی ملاحظہ کر لیا ہے ۔

○ مکانوں کی رجسٹریشن پہلے آیئے پہلے مکان حاصل کیجئے کی بنیاد پر ہوگی ۔ ○ ہمارا اندازہ یہ ہے کہ ابتداء سے تکمیل تک ۲ سے ۲½ سال کا وقت لگے گا۔ بہتر ہوگا کہ اپنی رقم کی اقساط باقاعدگی سے ادا کرتے رہیں ۔

خواہشمند احباب اس پتہ پر رابطہ قائم کریں


## ایسٹرن سروسز لمیٹڈ

☎ ۲۲۹۸۰۶ ، ۲۳۲۹۱۸

ٹیلیکس :- 25618 ESL PK

۱۴۰ - ایم اے جناح روڈ ـ کراچی نمبر ۲ (پاکستان)    کیبل :- "SOBERITY"